HSIB

HEALTHCARE SAFETY INVESTIGATION BRANCH

URDU

HSIB کی تفتیش

اہل خانہ کی معلومات

زچگی کے تحفظ کی ملکی حکمت عملی کے حصے کے طور پر ایک تفتیش انجام دینے کے لیے ہیلتھ کیئر سیفٹی انویسٹی گیشن برانچ (HSIB) کے نام ایک حوالہ دیا گیا ہے۔

ہم اس بات کو تسلیم کرتے ہیں کہ یہ وقت آپ اور آپ کے قریبی لوگوں کے لیے مشکل ہو سکتا ہے، اور ہم سے بات کرنے کا وقت نکالنے کے لیے ہم آپ کے شکر گزار ہیں۔ ہم سے اپنے تجربات شیئر کرکے آپ ہماری تفتیش کو باخبر اور یہ پتہ لگانے میں ہماری مدد کریں گی کہ دوسروں کے فائدے کے لیے کہاں پر اصلاحات کی جا سکتی ہیں۔

آپ کو اس امر کا اختیار ہے کہ آیا آپ تفتیشی عمل میں شرکت کرنے کی خواہاں ہیں اور آپ کبھی بھی اپنا ارادہ تبدیل کر سکتی ہیں۔

زچگی سے متعلق ہماری تفتیشات کے بارے میں آپ کو درپیش ہو سکنے والے سوالات

HSIB کیا ہے؟

اپریل 2017 سے مصروف عمل، ہم انگلینڈ میں پورے NHS میں آزادانہ تفتیشات انجام دیتے ہیں۔ ہماری پوری توجہ انفرادی الزام تراشی کو جائز قرار دینے کے بجائے نظام میں تبدیلی لانے پر ہے اور ہمارا مقصد ملکی سطح پر اصلاحات کو تحریک دینا ہے۔ ہماری میزبانی NHS امپرومنٹ کے ذریعہ اور مالی اعانت محکمہ صحت و سماجی نگہداشت (Department of Health and Social Care) کے ذریعہ کی جاتی ہے؛ مگر، ہم ٹرسٹوں، NHS کے انضباط کاروں اور دیگر تنظیموں سے آزاد رہ کر کام کرتے ہیں۔

HSIB زچگی سے متعلق تفتیشات کیوں انجام دے رہا ہے؟

HSIB محکمہ صحت اور سماجی نگہداشت کی درخواست کے مطابق زچگی کے معاملے میں تحفظ کو بہتر بنانے کے لیے جامع اور آزادانہ تفتیشات انجام دے رہا ہے۔ ہم ہر معاملے میں پیش آمدہ معاملے کے حقائق کو متعین کرکے سفارشات پیش کریں گے۔ ہم اپنی رپورٹوں کے نتائج کو ایک ساتھ ملا سکتے ہیں اور وسیع تر آموزش کا خاکہ بھی کھینچ سکتے ہیں۔

میرے بچے/خاندان کے فرد کے ساتھ پیش آمدہ معاملے کی تفتیش HSIB کیوں کر رہا ہے؟

HSIB پیدائش کے دوران مردہ ولادت، قبل از وقت نوزائیدہ بچے کی اموات اور زندگی کے پہلے سات دنوں میں تشخیص شدہ دماغ کو پہنچنے والے شدید گزند کے معاملات کی تفتیش کرے گا، جب:

- بچے میں گریڈ III کی ہائپوکسک اسکیمک انسیفالوپیتھی (HIE) کی تشخیص ہوئی ہو؛ یا
- بچہ کو معالجاتی لحاظ سے ٹھنڈا کیا گیا ہو (صرف فعال برودت)؛ یا
- بچے میں سنٹرل ٹون گھٹ گیا ہو اور وہ بیہوشی کی حالت میں ہو یا اس پر کسی بھی قسم کا بیہوشی کا دورہ پڑا ہو۔

ہم ولادت سے ماقبل اور مابعد والی مدت میں ماؤں کی بلا واسطہ یا بالواسطہ اموات کی بھی تفتیش کریں گے (درد زہ کے دوران یا اختتام حمل سے 42 دنوں کے اندر)۔

اگر میں تفتیش میں حصہ لینا نہیں چاہتی ہوں تو کیا ہو گا؟

ہم فراہم کردہ نگہداشت کے معاملے میں ایک تفتیش انجام دینے کے لیے آپ کی منظوری کے خواہاں ہیں اور اس کی قدر کرتے ہیں۔ اگر آپ اپنی منظوری دینا نہیں چاہتی ہیں، یا آپ یہ سمجھتی ہیں کہ آپ فی الحال فیصلہ کرنے پر قادر نہیں ہیں تو براہ کرم عملہ کے ممبر کو بلا جھجک بتا دیں۔ آپ کبھی بھی اپنا ارادہ تبدیل کر سکتی ہیں اور اپنی منظوری واپس لے سکتی یا اس کی تصدیق کر سکتی ہیں۔

زچگی سے متعلق تفتیش ٹیم والے کون ہیں؟

تفتیشات HSIB کے عملہ کے ذریعہ انجام دی جا رہی ہیں جو سبھی وسیع پیمانے کے پس منظر اور تجربے کے حامل انتہائی ہنرمند افراد ہیں۔

زچگی سے متعلق تفتیشی رپورٹ کیسی نظر آئے گی؟

یہ تفتیشی رپورٹ حوالے کی شرائط پر مشتمل ہو گی، جو تفتیش کا دائرہ کار طے کرے گی۔ ہم آپ کے ساتھ مشترکہ طور پر اسے تیار کریں گے۔ یہ تفتیش کی کارروائی، تنظیمی اور ملکی دونوں سطحوں پر اصلاح کے مدنظر جمع کردہ ثبوت اور سفارشات کو بھی طے کرے گی۔ رپورٹ کو حتمی شکل دیے جانے سے پہلے آپ کو اسے پڑھنے اور اس پر تبصرہ کرنے کا موقع ملے گا۔

سفارشات نافذ العمل ہونے کو یقینی بنانے کا ذمہ دار کون ہو گا؟

حفاظت سے متعلق سفارشات کو ان کے سامنے پیش کیا جائے گا جو HSIB کے خیال میں انہیں آگے لے جانے کی بہترین صلاحیت رکھتے ہوں۔ یہ مقامی سطح (ٹرسٹ) یا ملکی سطح پر (جیسے رائل کالجز یا انضباط کاران) ہو سکتے ہیں۔

حتمی رپورٹیں کون دیکھے گا؟

حتمی رپورٹوں کو گمنام بنا کر آپ، اس میں شامل عملہ اورکسی دیگر متعلقہ تنظیموں کے ساتھ ان کا اشتراک کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ، جانکاری کے کلیدی حصے ہماری ویب سائٹ پر شائع کیے جائیں گے۔

تفتیشی ٹیم سے آپ کس چیز کی توقع کر سکتے ہیں

- تفتیشی ٹیم اس میں شامل ہر کسی سے بات کرے گی۔ یہ کام عموماً رو برو انٹرویوز کے ذریعہ کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کو کسی اور طریقے سے (مثلاً، تحریری شکل میں یا ٹیلیفون پر) شامل ہونا آسان تر معلوم ہوا تو ہم آپ کے ساتھ مختلف اختیارات، بشمول آپ کو درکار ہو سکنے والے اضافی تعاون پر گفتگو کریں گے۔

- ٹیم میں وہ افراد شامل ہوں گے جو خصوصی طور پر نشان زد اور آپ اور آپ کے اہل خانہ سے بات کرنے میں تربیت یافتہ ہوں گے۔ آپ کو اس بارے میں مخصوص تفصیلات دی جائیں گی کہ تفتیشی ٹیم کا کون سا ممبر آپ کا منسوب رابطہ ہو گا اور آپ کس طرح ان سے رابطہ کر یا انہیں پیغام پہنچا سکتے ہیں۔

- ہمارے تفتیش کاران پیر تا جمعہ، 9 بجے صبح تا 5 بجے شام کام کرتے ہیں اور وہ اسی دن، ان اوقات کے دوران پیغام کا جواب دینے کی کوشش کریں گے۔ اگر آپ کا نامزد تفتیش کار کسی وجہ سے غیر حاضر ہو تو ہم آپ کو ایک متبادل رابطہ فراہم کریں گے۔

- ہمارے تفتیش کاران آپ سے رابطہ کرنے کے دوران آپ کو سہولت بہم پہنچانے کے لیے جو کچھ کر سکتے ہوں کریں گے۔ وہ اس بارے میں لچک پذیر ہوں گے کہ کب اور کہاں پر ملاقات کرنی ہے اور رابطہ کا کام ایسے انداز میں کرنے کی کوشش کریں گے جو آپ کے لیے ٹھیک ہو۔ مثلاً، اگر آپ کو خود سے بات کرنے سے قاصر ہونے کا احساس ہو تو آپ بسا اوقات اس کام کے لیے دوسرے فرد کو نامزد کر سکتے ہیں۔

- تفتیش کار تفتیش کی پوری مدت میں آپ کو باخبر رکھے گا۔

- تفتیش پوری ہو جانے پر، تفتیش کار نتائج کا اشتراک کرنے اور مسودہ رپورٹ پر آپ کے تاثرات حاصل کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا۔

- جامع تفتیش میں وقت لگتا ہے۔ آپ کی تفتیشی ٹیم آپ کو بتا سکے گی کہ تفتیش کی کارروائی میں لگ بھگ کتنا وقت لگ سکتا ہے۔

- حتمی رپورٹ مکمل ہو جانے پر، آپ کو ایک نقل موصول ہو گی جس میں حفاظت سے متعلق ہماری تمام سفارشات شامل ہوں گی۔

ہمیں آپ سے کیا چیز درکار ہوگی

- پیش آمدہ معاملہ ہمیں بتانے میں ہم آپ سے اعانت طلب کریں گے، تاکہ ہمیں تمام حقائق کی پوری سمجھ حاصل ہو۔ ہم اس بات کو سمجھتے ہیں کہ یہ وقت آپ کے لیے مشکل ہو سکتا ہے اور ہم آپ کی معاونت کرنے کی پوری کوشش کریں گے اور اضافی معاونت کے جن وسائل تک آپ کی رسائی ہو سکتی ہو ان کے بارے میں آپ کو بتائیں گے۔

- آپ سے رابطہ کرنے کے لیے جو اوقات اور مقامات ہمارے لیے بہترین ہوں گے ان پر ہم آپ سے گفتگو کریں گے۔

- چونکہ تفتیش کاران کی خواہش ہوگی کہ تفتیش ممکنہ حد تک جامع ہو، لہذا اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ (یا نامزد فرد) سے ایک سے زائد مواقع پر بات کرنی پڑ سکتی ہے۔ اگر رابطہ کی تفصیلات تبدیل ہوتی ہیں (جیسے، نیا فون نمبر) تو تفتیش کاران کو اس تبدیلی سے مطلع کرنا ضروری ہے۔

مزید پتہ کریں

ای میل: enquiries@hsib.org.uk
ویب سائٹ: www.hsib.org.uk

آپ کے تفتیش کار/کاروں کا/کے نام اور رابطے کی تفصیلات

تفتیش کار کا نام		
ٹیلی فون		
ای میل		

اگر آپ کے کسی اہلخانہ کو یہ پرچہ کسی دیگر زبان یا فارمیٹ میں درکار ہے تو براہِ کرم اپنے تفتیش کار سے بات کریں۔
HSIB بارے معلومات کے لیے براہِ کرم ہماری ویب سائٹ پر تشریف لے جائیں؛ **www.hsib.org.uk**

WWW.HSIB.ORG.UK
@hsib_org